© rasailojaraid.com

فاران کے توحید نمبر کے اداریے کے طور پر لکھا تھا۔ اس میں قرآن اور حدیث کی روشنی میں بعض مشرکانہ عقائد کا بُطلان کیا گیا ہے۔ ماہر صاحب 'عشقِ رسولؐ' کے نام پر کی جانے والی بدعات کے حوالے سے لکھتے ہیں: ''کتنا بڑا دھوکا ہے جو 'عشق و محبت' کے نام پر شیطان نے دے رکھا ہے؟'' (ص ۴۷) ___ عالم الغیب کون؟ عبدیت اور بشریت، وسیلے کی تلاش اور زیارتِ قبور جیسے عنوانات سے مباحث کی نوعیت کا اندازہ ہوسکتا ہے۔ ماہرالقادری شاعر تھے مگر قرآن و حدیث پر ان کی نظر گہری تھی، اس لیے ان کی گرفت اور بدعات کے خلاف اُن کا استدلال متاثر کرتا ہے۔ مرزا اعظم بیگ بڑی دردمندی سے صفحہ ۳ پر کہتے ہیں کہ یہ کتابچہ جن بہن بھائیوں تک پہنچے، میری اُن سے عاجزانہ درخواست ہے کہ وہ ہر قسم کی فرقہ پرستی سے خالی الذہن ہوکر اس کا مطالعہ کریں۔ (ر-ہ)

## تعارف کتب

◉ Maudoodi on Education ، سید ابوالاعلیٰ مودودیؒ، ترجمہ: پروفیسر ایس ایم عبدالرؤف۔ ناشر: ادارہ معارف اسلامی۔ ڈی-۳۵، بلاک ۵، فیڈرل بی ایریا، کراچی ۷۵۹۵۰۔ فون: ۰۲۱-۳۶۳۴۹۸۴۰۔ صفحات: ۱۵۶۔ قیمت: ۱۳۰ روپے۔ [قیامِ پاکستان سے قبل اور بعد تعلیم کے موضوعات پر سید مودودی کے ۹ مقالات تعلیمات کے نام سے شائع کیے گئے۔ یہ ان کا شُستہ اور رواں انگریزی ترجمہ ہے۔ مسائل آج کتنے ہی متنوع ہوگئے ہوں، جدید و قدیم تعلیم کی کش مکش اور قومی و ملّی ضروریات کے تقاضوں کے حوالے سے بنیادی رہنمائی اس وقیع کتاب سے آج بھی ملتی ہے۔]

◉ سہ روزہ دعوت، نئی دہلی، خصوصی اشاعت: بابری مسجد: شرعی، قانونی اور تاریخی حیثیت۔ ادارت: پرواز رحمانی، شفیق الرحمٰن۔ صفحات: ۱۶۲ (کتابی سائز)۔ ملنے کا پتا: منشورات، منصورہ، لاہور- فون: ۰۴۲-۳۵۴۳۴۹۰۹۔ قیمت: ۱۰۰ روپے پاکستانی۔ [بابری مسجد پر بہت کچھ لکھا گیا ہے اور بہت کچھ لکھا جا رہا ہے۔ مقدمے کے حالیہ فیصلے کے بعد پھر یہ موضوع گرم ہوگیا ہے۔ اس اشاعت میں ۱۵ عنوانات کے تحت تمام پہلوؤں کو اختصار اور جامعیت سے سمیٹ لیا گیا ہے۔]

◉ **سیدہ حفصہؓ**، تالیف: ظہورالدین بٹ۔ ناشر: ادارہ ادب اطفال، رحمٰن مارکیٹ، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ صفحات: ۹۸۔ قیمت: ۷۰ روپے۔ [اُمہات المومنینؓ میں سیدہ حفصہؓ نمایاں اوصاف کی حامل ہیں۔ آپ کاتبِ وحی، حافظہ قرآن اور محافظِ قرآن تھیں۔ آپؓ کے پاس محفوظ مصحف سے قرآنی نسخے تیار کیے گئے تھے)۔ حضرت حفصہؓ بنت سیدنا عمر فاروقؓ کی سیرت مطہرہ، اسلامی تحریک کے مختلف مراحل، نبی کریمؐ کی عائلی زندگی اور اسلامی معاشرت کا افسانوی انداز میں دل چسپ تذکرہ۔ خواتین کی تربیت کے لیے خصوصی تحفہ!]

© rasailojaraid.com